Houston methodist
پالیسی اور طریقہ کار FI85

موضوع:
وصولیابی کی پالیسی

مؤثر تاریخ:
1 جنوری 2016

اطلاق ہوتا ہے:
ہاسپٹلز اور PO

نظرثانی/ جائزہ کی تاریخ
1 جنوری 2016

شروعات کا علاقہ:
ریونیو سائیکل کونسل

اہدافی جائزہ کی تاریخ:
1 جنوری 2019

I. پالیسی

Houston methodist کی پالیسی یہ یقینی بنانے کی ہے کہ Houston methodist کے ذریعہ مہیا کرائی گئی طبی نگہداشت کے لیے مریضوں پر واجب الادا رقوم (بقایا جات)، پیشہ ورانہ، شائستہ اور بروقت انداز میں وصول کی جائیں۔ اس طرح کے بقایا جات کی وصولی Houston methodist کے ایسے سبھی مریضوں سے یکساں اصول اور طریق کار کے مطابق کی جائے گی جو مالی اعانت میں 100%چھوٹ کے لیے اہل نہیں ہیں۔ یہ پالیسی ان کارروائیوں کا تعین کرتی ہے جو بقایا جات کی عدم ادائیگی کی صورت میں کی جائیں گی، جن میں فریق ثالث وصولی ایجنسیوں کے ذریعہ کی جانے والی کارروائیاں شامل ہیں۔ Houston Methodist کسی بھی صورت میں وصولی کی غیر معمولی کارروائیاں جیسے کہ تنخواہ کی ضبطی، بنیادی رہائش گاہ پرقانونی دعوی، کریڈٹ بیورو کو اطلاع دہی یا دیگر قانونی کارروائیاں نہیں کرے گا۔ اس پالیسی کے پس پردہ رہنما اصول یہ ہیں کہ سبھی مریضوں سے وقار اور احترام کے ساتھ مساوی انداز کا برتاؤ کیا جائے اور یہ یقینی بنایا جائے کہ بلنگ اور وصولی کے طریق کار شفاف ہوں اور یکساں طریقے سے ان پر عمل کیا جاتا ہے۔

II. تعریفات

A. از خود ادائیگی - جو مریض غیر بیمہ شدہ ہیں اور ادائیگی کے لیے پوری طرح سے ذمہ دار ہیں، اس رقم کو از خود ادائیگی کہا جاتا ہے۔
B. بیمہ کے بعد بقایا - جو مریض بیمہ شدہ ہیں اور ان پر بقایا کا کچھ ایسا حصہ ہے جس کی ادائیگی ان کے لیے ضروری ہے (جیسے قابل منہائی رقم، ضمنی بیمہ، ضمنی ادائیگی) تو، اس رقم کو بیمہ کے بعد بقایا کہا گیا ہے۔
C. مریض کی ذمہ داری – کوئی بھی ایسی رقوم جو مریض کو ادا کرنی ہیں، بشمول از خود ادائیگی اور بیمہ کے بعد بقایا رقوم۔
D. مالی اعانت - ان مریضوں کے لیے دستیاب چھوٹ جو غیر بیمہ شدہ ہیں، کم بیمہ والے ہیں، جو سرکاری نگہداشت صحت کے فوائد کے کسی پروگرام کے لیے نا اہل ہیں اور جو مالی ضرورت اور وسائل کی جانچ کے تعین کی بنیاد پر اپنی نگہداشت کے لیے ادائیگی کرنے سے قاصر ہیں۔
E. ڈوبا ہوا قرض– مریض سے واجب الادا وہ رقوم جو پہلے بلنگ اسٹیٹمنٹ سے 120 دنوں کے اندر وصول نہیں کی جاتی ہیں۔
F. فریق ثالث وصولی ایجنسی – ایک بیرونی ایجنسی جو Houston methodist کی جانب سے اپنی کمپنی کے نام کے تحت ڈوبے ہوئے قرض والے اکاؤنٹس کی وصولی کرتی ہے۔

III. بلنگ کے طریق کار

A. Houston methodist نگہداشت فراہم کرائے جانے سے پہلے یا فراہم کرائے جانے کے وقت (ہنگامی نگہداشت کو چھوڑ کر) طبی نگہداشت کے مدنظر مریض کی کسی معلوم ذمہ داری کے لیے ادائیگی کی درخواست کرسکتا ہے۔ ہنگامی نگہداشت کے سلسلے میں، Houston methodist نگہداشت فراہم کرائے جانے کے بعد کسی معلوم ذمہ داری کے لیے ادائیگی کی درخواست کر سکتا ہے۔

B. اگر مریض نے طبی نگہداشت فراہم کرائے جانے کے وقت Houston methodist کو ادائیگی نہیں کی ہے تو، Houston methodist از خود ادائیگی والے مریض کو نگہداشت فراہم کرائے جانے کے فوراً بعد ان کی مریض والی ادائیگی کی ذمہ داری کے مدنظر انہیں بل بھیجے گا اور بیمہ شدہ مریضوں کے لیے، ان کے بیمہ (بیمے) سے ادائیگی ہو جانے کے بعد مریض کو ان کے بقایا جات کا بل بھیجے گا۔
C. Houston methodist سابقہ بلوں کی عدم ادائیگی کے سبب طبی طور پرضروری نگہداشت سے انکار، اسے موقوف رکھنے یا اس کی فراہمی سے قبل ادائیگی کا تقاضہ نہیں کرے گا۔
D. اگر کوئی مریض مالی اعانت کا اہل قرار پاتا ہے تو، Houston methodist مریض کی از خود ادائیگی والی رقم میں چھوٹ دے گا یا بیمہ (بیمے) سے ادائیگی ہو جانے کے بعد، بیمہ کے بعد والے بقایا جات میں چھوٹ دے گا۔ (مالی اعانت کے لیے چھوٹ کی پالیسی دیکھیں۔)
E. اگر مریض کو قیاسی طور پر مالی اعانت کے لیے اہل تصور کیا جاتا ہے اور اسے زیادہ فیاضی والی چھوٹ سے کم کا اہل مانا گیا تھا تو، مریض وصولی کے عمل کے دوران زیادہ فیاضی والی چھوٹ کے لیے دوبارہ تشخیص کے واسطے کسی بھی وقت مالی اعانت کی درخواست مکمل کرسکتا ہے۔
F. Houston methodist بلنگ کے اپنے معمول کے طریق کار کا استعمال کرتے ہوئے مریضوں کو کسی بقایا از خود ادائیگی والی رقوم اور/یا بیمہ کے بعد بقایا رقوم کا بل بھیجے گا، جس میں کم ازکم 120 دن کے عرصہ میں کم سے کم چار اسٹیٹمنٹس شامل ہوں گے۔
G. Houston methodist پہلے بلنگ اسٹیٹمنٹ کے ساتھ Houston methodist کی مالی اعانت کی پالیسی کے خلاصہ کی کاپی آسان زبان میں شامل کرے گا۔

IV. وصولیابی کے طریق کار

A. مریض کا پہلا بلنگ اسٹیٹمنٹ جاری ہونے کے بعد پہلے 120 دنوں کے دوران، Houston methodist اس اکاؤنٹ کو فریق ثالث وصولی ایجنسی کے پاس نہیں بھیجے گا۔
B. جو مریض اپنا پورا بقایا ادا کرنے پر قادر نہیں ہیں ان کے لیے Houston methodist بغیر سود یا جرمانے کے 18 مہینے تک توسیعی ادائیگی کے اختیارات پیش کرتا ہے۔ (توسیعی ادائیگی کے اختیارات کی پالیسی دیکھیں)۔
C. اگر بلنگ کے پہلے اسٹیٹمنٹ سے 120 دنوں کے اندر مریض سے کوئی مثبت جواب موصول نہیں ہوتا ہے تو Houston methodist غیر ادا شدہ بقایے کو ڈوبے ہوئے قرض کے بطور درجہ بند کرے گا۔ Houston methodist ڈوبے ہوئے قرض تصور کردہ اکاؤنٹ کے سلسلے میں وصولیابی کی اضافی کوششیں انجام دینے کے لیے منظور شدہ فریق ثالث وصولی ایجنسیوں کو شامل کرے گا۔
D. ڈوبے ہوئے قرض کے بطور درجہ بند یافریق ثالث کی وصولی ایجنسی کو ڈوبے ہوئے قرض والے اکاؤنٹس کا حوالہ دینے کے باوجود، مریض کسی بھی وقت مالی اعانت کے لیے درخواست دے سکتا ہے۔
E. Houston methodist منظور شدہ فریق ثالث کی ان وصولی ایجنسیوں کے ساتھ ایک تحریری معاہدہ کرے گا جنہیں وہ ڈوبے ہوئے قرض کا حوالہ دیتا ہے۔ یہ معاہدہ فریق ثالث کی وصولی ایجنسی کو ڈوبے ہوئے قرض کی وصولی کے سلسلے میں Houston methodist کی پالیسیوں کی تعمیل کرنے اور مالی اعانت و توسیعی ادائیگی کے اختیارات فراہم کرنے کے سلسلے میں انہی طریق کار کا پابند رہے گا۔
F. فریق ثالث کی وصولی ایجنسی فون کالز ، ای میلز، وصولی کے خطوط اور Houston methodist سے منظور شدہ دیگر قابل قبول طریقوں کی معرفت اور قابل اطلاق قانون کے مطابق ڈوبے ہوئے قرض کی وصولیابی کی کوشش کرے گی۔
G. فریق ثالث کی سبھی وصولی ایجنسیوں کو وصولی کے غیر معمولی واقعات (جیسے، کریڈٹ بیورو کو اطلاع دینا، ذاتی یا غیر منقولہ املاک کے خلاف فیصلے یا فرامین جاری کروانا، اجرتوں روک لینا وغیرہ) میں شامل ہونے سے ممنوع قرار دیا گیا ہے۔

V. پالیسی کی دستیابی

A. ویب سائٹ – Houston methodist اس پالیسی کو اپنی ویب سائٹ http://HoustonMethodist.org/Billing کی معرفت دستیاب کرائے گی۔ ویب سائٹ پر ایک نمایاں لنک بھی شامل ہوگا جو قارئین کو اس پالیسی کی ایک PDF فائل بلا معاوضہ ڈاؤن لوڈ کرنے کی اجازت دے گا۔
B. کاغذی کاپی – Houston methodist درخواست کرنے پر اس پالیسی کی کاغذی کاپیاں بلا معاوضہ، بذریعہ ڈاک اور ای میل دونوں ہی، پیشنٹ رجسٹریشن والے حصے، سنٹرلائزڈ بلنگ آفس، اور ایمرجنسی ڈپارٹمنٹس میں دستیاب کرائے گا۔

C. انگریزی اور دوسری زبانیں – Houston methodist یہ پالیسی انگریزی میں اور یہ جن بہت سارے لوگوں کی خدمت انجام دیتا ہے ان کی متعدد بنیادی زبان میں دستیاب کرائے گا۔

D. رابطہ کی معلومات –

Houston Methodist
Centralized Business Office
Attn: Self Pay Unit
S. Fry Road 701
Katy, TX 77450
فون: 832-667-5900 (مقامی) یا 877-493-3228 (ٹول فری)

VI. اجازت کے حامل حوالے

1. 2010 کا مریض کا تحفظ اور حسب مقدور نگہداشت سے متعلق ایکٹ؛
2. انٹرنل ریونیو کوڈ سیکشن 501r؛
3. مالی اعانت میں چھوٹ کی پالیسی (FI49)؛ اور
4. توسیعی ادائیگی کے اختیارات کی پالیسی (FI86) ۔

ریونیو سائیکل کونسل کا تجویز کردہ
CFO کونسل سے منظور شدہ
Houston Methodist کے بورڈ آف ڈائرکٹرز کے ذریعہ منظور شدہ

چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر سے اجازت یافتہ:

(فائل میں موجود اصل پر دستخط کیا)

ایم بوم (M. Boom)
صدر
چیف ایگزیکٹو آفیسر
Houston methodist

تاریخ